04-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے آج نوجوانوں کی تعلیم، ہنرمندی اور کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لئے 62 ہزار کروڑ روپے سے زائد کے مختلف اقدامات کا آغاز کیا۔

۲۔ بی آر ایس نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی دانستہ طور پر ٹمس دواخانوں کے کاموں میں تاخیر کررہے ہیں، تاکہ سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کو عوامی حمایت اور نیک نامی نہ ملے۔

۳۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے عوام رواں ماہ ہونے والے ادارہ جات مقامی انتخابات میں کانگریس اور اس کی اتحادی جماعتوں کو شکست دینے کے لئے پرعزم ہیں۔

۴۔ شبھمن گل کو آسٹریلیا کے خلاف آئندہ تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کے لئے انڈین ٹیم کا نیا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

BANDI SANJAY:

مرکزی وزیر داخلہ مملکت، بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے عوام رواں ماہ ہونے والے مقامی بلدیاتی انتخابات میں کانگریس اور اس کی اتحادی جماعتوں کو شکست دینے کے لئے پرعزم ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں بی جے پی لیڈر نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت انتخابات کرانے میں سنجیدہ نہیں ہے اور اس نے ہر طبقہ کے ساتھ دھوکہ کیا ہے، جبکہ پنچایتوں کو مالی امداد سے محروم رکھا گیا۔ سنجے کمار نے اپنے لوک سبھا حلقہ کریم نگر میں بی جے پی کے انتخابی جلسوں سے خطاب کیا اور خواتین، کسان، نوجوانوں اور بزرگوں کو بی جے پی کے برانڈ ایمبیسیڈر قرار دیا۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ بی جے پی ان انتخابات میں بڑی کامیابی حاصل کرے گی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ صرف این ڈی اے حکومت ہی مختلف اسکیموں کے تحت گرام پنچایتوں کو فنڈس فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی آر ایس حکومت نے اپنے دور اقتدار میں نہ صرف گرام پنچایتوں کو فنڈس جاری کرنے میں ناکامی دکھائی بلکہ مرکزی حکومت کی طرف سے دی گئی امداد کو بھی دوسری جگہ منتقل کردیا۔

FASTAG - AMENDMENT:

مرکزی حکومت نے نیشنل ہائی ویز فیس قواعد 2008 میں ترمیم کر دی ہے۔ نئے قاعدے کے تحت اگر کوئی گاڑی بغیر فعال FASTag کے فیس پلازہ پر داخل ہوتی ہے اور کیش کے ذریعہ ادائیگی کرتی ہے تو اس سے مقررہ فیس سے دوگنا چارج لیا جائے گا۔ البتہ اگر صارف UPI کے ذریعہ فیس ادا کرتا ہے تو اس سے صرف 1.25 گنا فیس وصول کی جائے گی۔ یہ نئے قواعد اگلے ماہ کی 15 تاریخ سے نافذ العمل ہوں گے۔ مرکزی وزارت برائے روڈ ٹرانسپورٹ و ہائی ویز کا کہنا ہے کہ اس ترمیم کا مقصد فیس کی وصولی کے عمل کو مضبوط بنانا، ٹول وصولی میں شفافیت کو بڑھانا اور قومی شاہراہوں پر سفر کو آسان بنانا ہے۔

BYPOLL

تلنگانہ بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے آج جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ میں ہونے والے ضمنی انتخاب کے لئے امیدوار کے انتخاب کے سلسلہ میں پارٹی قائدین کی رائے حاصل کرنے کے لئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ پارٹی کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق اس کمیٹی میں سابق ایم ایل اے ایم دھرما راؤ، سابق ایم پی، پی راملو اور کے انجنیلو شامل ہیں۔ یہ کمیٹی پارٹی قائدین کی آراء سن کر امیدوار کے انتخاب کا فیصلہ کرے گی۔ واضح رہے کہ جوبلی ہلز میں بی آر ایس کے ایم ایل اے ماگنٹی گوپی ناتھ کی جون میں موت کے باعث ضمنی انتخاب ضروری ہوا ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ کل بھی تمام اضلاع میں کہیں کہیں گرج چمک، تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ آج دوپہر کے وقت حیدرآباد کے کچھ علاقوں میں ہلکی بارش ہوئی، جس سے موسم میں کچھ حد تک راحت ملی۔ دوسری جانب، ریاست تلنگانہ میں مسلسل پانچ سالوں سے مانسون کے دوران معمول سے زیادہ بارش ریکارڈ کی جا رہی ہے۔ تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے ماہرین موسمیات کے مطابق، اس سال جنوب مغربی مانسون کے دوران 98.8 سینٹی میٹر بارش ہوئی جو معمول سے 33 فیصد زیادہ ہے، اور یہ پچھلے سالوں کی اوسط بارش سے بھی زیادہ ہے۔

KILLED:

امریکہ میں پیش آئے فائرنگ کے واقعہ میں ایک حیدرآبادی نوجوان ہلاک ہوگیا۔شہر کے ایل بی نگر سے تعلق رکھنے والا چندر شیکھر بی ڈی ایس کورس کی تکمیل کے بعد اعلی تعلیم کے لئے امریکہ گیا تھا۔امریکہ کے شہر ڈلاس میں اشرار کی فائرنگ میں وہ ہلاک ہوگیا۔اس واقعہ کی اطلاع پر مقامی رکن اسمبلی سدھیر ریڈی، سابق وزیر ہریش راو نے ایل بی نگر میں واقع اس کے مکان پہنچ کر اس کے غمزدہ ارکان خاندان کو پُرسہ دیا۔ساتھ ہی لاش کی حیدرآباد منتقلی کے لئے اقدامات کرنے کی ہریش راو نے ریاستی حکومت سے خواہش کی۔

MODI:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نوجوانوں کی تعلیم، ہنرمندی اور کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لئے 62 ہزار کروڑ روپے سے زائد کے مختلف اقدامات کا آغاز کیا۔یہ پروگرام نئی دہلی کے وگیان بھون میں منعقدہ 'کوشل دکشانت سماروہ' کے موقع پر شروع کیا گیا، جہاں وزیراعظم نے 'پی ایم سیتو' کا بھی افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ہنر قوم کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نوجوانوں کو ہنر اور اختراع کے ذریعہ مستقبل کی قیادت کے لئے تیار کررہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستان علم و ہنر کا ملک ہے،اور ذہانت ہی ملک کی سب سے بڑی طاقت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ انڈسٹریل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس نہ صرف صنعتی تعلیم کے بہترین ادارے ہیں بلکہ 'آتم نربھر بھارت' کے ورکشاپس بھی ہیں۔ Sound Byte

REDDY-VIDYALAKENDRA

مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا ہے کہ گزشتہ دس برسوں سے مرکزی حکومت ریاست میں تعلیم کو مستحکم بنانے کے لئے مسلسل اقدامات کررہی ہے۔اسی سلسلہ میں ریاست کے لئے چار نئے کیندریہ ودیالیہ منظور کئے گئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ یہ نئے کیندریہ ودیالیہ بھدرادری کتہ گوڑم، مُلگ، جگتیال ضلع کے چیلگل اور ونپرتی ضلع کے ناگورم کے مضافات میں قائم کئے جائیں گے۔ان اداروں کے قیام کے بعد ریاست میں کیندریہ ودیالیہ کی جملہ تعداد 35 سے بڑھ کر 39 ہوجائے گی۔

MLAs TG – DEFECTION

تلنگانہ میں بی آر ایس سے کانگریس میں شامل ارکان اسمبلی کے انحراف کے معاملہ کی نااہلی کی درخواستوں پر اسپیکر جی پرساد کی موجودگی میں سماعت ہوئی۔ جرح کے دوران ایم ایل ایز جی مہی پال ریڈی اور بی کرشنا موہن ریڈی حاضر ہوئے۔ دونوں ایم ایل ایز کی جرح درخواست گزاروں کے وکلا کی جانب سے کی جارہی ہے۔ یکم اکتوبر کو اسمبلی میں اسپیکر کی موجودگی میں نوٹس وصول کرنے والے ایم ایل ایز کے خلاف بی آر ایس کے ایم ایل ایز کے وکلاء نے جرح کی تھی تاہم وقت کی کمی کی وجہ سے پرکاش گوڑ اور کے یادیا کی سماعت ہی مکمل ہوسکی۔

BRS:

بھارت راشٹرا سمیتی نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی دانستہ طور پر ٹی آئی ایم ایس (تلنگانہ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز) اسپتالوں کے کاموں میں تاخیر کررہے ہیں، تاکہ سابق وزیراعلیٰ کے چندرشیکھر راؤ کو عوامی حمایت اور نیک نامی نہ ملے۔ بی آر ایس کے سینئر رہنما اور سابق وزیر ہریش راؤ نے آج حیدرآباد کے ایل بی نگر میں زیرتعمیر ٹی آئی ایم ایس اسپتال کا دورہ کیا اور موجودہ حکومت کو خبردار کیا کہ اگر منصوبوں میں رکاوٹیں ڈالی گئیں تو عوامی بغاوت کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ بی آر ایس سربراہ چندرشیکھر راؤ نے ریاست میں چار ٹی آئی ایم ایس اسپتالوں کا ویژن پیش کیا تھا، لیکن موجودہ حکومت ان منصوبوں کو آگے بڑھانے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بی آر ایس حکومت نے غریب عوام کی فلاح کو ترجیح دیتے ہوئے ان اسپتالوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے۔ وفد نے ریاستی حکومت کی جانب سے مہیشورم اور قطب اللہ پور میں بی آر ایس حکومت کے تحت منظور شدہ میڈیکل کالجوں کو منسوخ یا ضم کرنے کے فیصلہ کی بھی شدید مذمت کی اور کہا کہ یہ فیصلہ پسماندہ طبقات کو سوپر اسپیشالٹی طبی سہولیات فراہم کرنے کے مقصد کے منافی ہے۔

NEW ODI TEAM:

شبھمن گل کو آسٹریلیا کے خلاف آئندہ تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کے لئے انڈین ٹیم کا نیا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ وہ روہت شرما کی جگہ یہ ذمہ داری سنبھالیں گے۔ یہ سیریز گل کے لئے بطور ون ڈے کپتان پہلا امتحان ہوگی، حالانکہ وہ پہلے ٹیسٹ اور ٹی 20 فارمیٹس میں قیادت کر چکے ہیں۔ بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا نے ون ڈے سیریز کے بعد ہونے والی پانچ میچوں کی ٹی20 سیریز کے لیے ٹیم کا اعلان بھی کر دیا ہے۔

AMIT SHAH:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کا عزم ہے کہ 31 مارچ 2026 تک ملک کو بائیں بازو کی انتہا پسندی (نکسل ازم) سے مکمل طور پر نجات دلائی جائے۔ چھتیس گڑھ کے جگدل پور میں منعقدہ 'بستر دسہرہ لوک اتسو' سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ماؤنوازوں سے پر تشدد راستہ ترک کرکے قومی دھارے میں شامل ہونے کی اپیل کی۔ امت شاہ نے خبردار کیا کہ جو لوگ مسلح جدوجہد کا راستہ ترک نہیں کریں گے، ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نکسل ازم کی وجہ سے بستر کا علاقہ ترقی سے محروم رہا ہے، لیکن اب وہاں ترقی کی نئی راہیں کھل رہی ہیں۔

COUGH SYRUPS:

مرکزی وزارت صحت نے مشورہ دیا ہے کہ دو سال سے کم عمر بچوں کو کھانسی اور زکام کی دوائیں تجویز نہ کی جائیں اور نہ ہی دی جائیں۔ وزارت نے ایک ایڈوائزری میں کہا ہے کہ یہ دوائیں پانچ سال سے کم عمر بچوں کے لئے عمومی طور پر موزوں نہیں سمجھی جاتیں اور پانچ سال سے زائد عمر کے بچوں کو یہ دوائیں صرف ماہر ڈاکٹر کی مکمل تشخیص اور قریبی نگرانی کے بعد ہی دی جانی چاہئیں۔ اس حوالہ سے مرکزی وزارت نے تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام کے ڈائرکٹرس آف ہیلتھ سروسس کو خط بھی بھیجا ہے۔

○○